اسلوب تحقیق

مقالہ ہذا میں ۱۲ جلدوں پر مشتمل تفسیر تبیان القرآن کی روشنی میں فقہ مقارن کے اسلوب کو ارکان اسلام کے تناظر میں بیان کیا جائے گا جس کی تفصیلات درج ذیل ہیں:

مقالہ ہذا تین ابواب اور ذیلی فصول پر مشتمل ہے:

باب اول علامہ غلام رسول سعیدی اور تبیان القرآن کے تعارف سے متعلق ہے۔ یہ باب تین فصول پر مشتمل ہے۔ فصل اول میں غلام رسول سعیدی کے حالات زندگی کا ذکر ہے۔ فصل دوم میں علامہ غلام رسول سعیدی کے علمی آثار کو بیان کیا جائے گا۔ فصل سوم میں تفسیر تبیان القرآن کا مختصر تعارف بیان کیا جائے گا۔

باب دوم تبیان القرآن میں فقہ مقارن کا اسلوب (ارکان اسلام کے تناظر میں) کے متعلق ہے۔ جس کو چار فصول میں تقسیم کیا گیا ہے۔ فصل اول میں نماز کے احکام ومسائل کو بیان کیا گیا ہے۔ فصل دوم روزہ کے احکام ومسائل کو بیان کیا گیا ہے۔ فصل سوم میں زکوۃ کے احکام ومسائل کو بیان کیا گیا ہے۔ فصل چہارم میں حج کے احکام ومسائل کو بیان کیا گیا ہے۔

باب سوم فقہ مقارن میں علامہ سعیدی کے استدلالی اسلوب کے خصائص کے متعلق ہے۔ فصل اول میں علامہ سعیدی کے طرز استدلال اور ماخذ استدلال کو بیان کیا گیا ہے۔ فصل دوم میں ان کے اسلوب تطبیق کو بیان کیا گیا ہے اور فصل سوم میں ان کے اسلوب ترجیح کو بیان کیا گیا ہے۔